باقاعدہ تصدیق شدہ ABC Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ رژن تربت
Daily RUZN Turbat

چیف ایڈیٹر: شکیل احمد

جلد نمبر 20 | سوموار 20 جولائی 2026ء 05 صفر 1448ھ | قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 45

کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو طاقت سے دبایا نہیں جا سکتا، حنیف عباسی

پاکستان کا ہر شہری کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے، کشمیری عوام کو ان کا ناقابلِ تنسیخ حقِ خودارادیت دلانا عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری

یوم الحاقِ پاکستان کشمیری عوام کی آزادی اور حقِ خودارادیت سے وابستگی کی تجدید کا دن ہے، وفاقی وزیر ریلوے

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ یومِ الحاقِ پاکستان کشمیری عوام کی آزادی اور حقِ خودارادیت سے وابستگی کی تجدید کا دن ہے۔ وزارت ریلوے کی جانب سے یومِ الحاق موقع پر اتوار کو جاری پیغام میں محمد حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان کا ہر شہری کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا ہے، کشمیری عوام کی جدوجہدِ آزادی کو طاقت سے دبایا نہیں جا سکتا۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ جموں و کشمیر کا منصفانہ حل خطے میں دیرپا امن کی ضمانت ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عالمی برادری مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالیوں کا فوری نوٹس لے، کشمیری عوام کو ان کا ناقابلِ تنسیخ حقِ خودارادیت دلانا عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے، پاکستان کشمیری عوام کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، پاکستان ان کی جائز جدوجہد کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ یومِ الحاقِ پاکستان [illegible] کشمیری [illegible]

ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں دھماکہ ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (اے این این) ڈیرہ بگٹی کے علاقے میں دھماکہ ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق اتوار کو ضلع ڈیرہ بگٹی میں پٹ فیڈر کے قریب سڑک کنارے نصب بارودی سرنگ کے دھماکے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا جبکہ شواہد اکھٹے کرنے کے بعد حملہ آور [illegible] کی تلاش [illegible]

صحبت پور، محکمہ پولیس میں ہزاروں آسامیاں خالی ہونے کا انکشاف

نصیر آباد رینج بالخصوص صحبت پور میں غریب بھرتی اور ترقیوں سے محروم، آئی جی بلوچستان سے نوٹس لینے کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) ذرائع کے مطابق محکمہ پولیس بلوچستان میں صوبائی سطح سے لے کر ضلعی سطح تک ایس پی سے لے کر سپاہی رینک تک کی ہزاروں اہم آسامیاں طویل عرصے سے خالی پڑی ہیں، جس کے باعث نہ صرف دفتری و انتظامی امور شدید متاثر ہو رہے ہیں بلکہ کئی غریب نوجوان نئی بھرتیوں اور اہل ملازمین جائز ترقیوں سے محروم ہیں۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق محکمہ پولیس میں اس وقت ایس پی کی 88، ڈی ایس پیز کی 24، انسپکٹرز کی 98، پراسیکیوٹر انسپکٹرز کی 23 اور سب انسپکٹرز کی 247 آسامیاں خالی ہیں۔ اس کے علاوہ دفتری عملے (بقیہ آفس سپرنٹنڈنٹ صفحہ 28)

زیژانگ: وفاقی وزیر مصدق ملک پانچویں چائنہ ڈیژانگ ٹرانس ہمالیہ فورم برائے بین الاقوامی تعاون سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اور کشمیر کے لازوال رشتے کو چیلنج نہیں کیا جا سکتا، وزیر دفاع

کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے، ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی جنہوں نے خون بہایا، وزیر دفاع

آزاد کشمیر کے بہت الیکشن دیکھے ہیں، مگر جس پس منظر میں یہ الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے، کارکنوں سے خطاب

سیالکوٹ (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے، آج پاکستان اور کشمیر کے لازوال رشتے کو چیلنج کیا جا رہا ہے، آزاد کشمیر کے بہت الیکشن دیکھے ہیں، مگر جس پس منظر میں یہ الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے، یہ الیکشن کشمیر کاز کے ساتھ محبت اور کشمیریوں کی حفاظت کا الیکشن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایل اے 36 جموں 3 میں کارکنوں سے خطاب میں کیا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے، ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی، جنہوں نے خون بہایا، کشمیر میں بیٹھے پاکستان کا نعرہ لگانے والے سینکڑوں نوجوانوں کو اٹھایا گیا جو گھر نہیں پہنچے، کیا برطانیہ میں بیٹھا ہوا کشمیری ان کشمیریوں کی برابری کر سکتا ہے؟ قائداعظم (بقیہ نے کہا تھا کشمیر [illegible] صفحہ 3 پر)

لاہور: وفاقی وزیر احسن اقبال تیسرے آئی ٹی فری لانسنگ ایوارڈز کی تقریب میں شریک ہیں

بدعنوانی کے خلاف موثر مہم بلا امتیاز جاری رہے گی، بیرسٹر عقیل ملک

پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین بنیادی طور پر عالمی منڈی کیرجحانات اور خطے کی سیاسی و سکیورٹی صورتحال کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے

احتساب کے عمل میں کسی کو بھی رعایت نہیں دی جائے گی، حکومت شفافیت، احتساب اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر حکومت کی جانب سے شروع کردہ بدعنوانی کے خلاف موثر مہم بلا امتیاز جاری رہے گی، احتساب کے عمل میں کسی کو بھی رعایت نہیں دی جائے گی، حکومت شفافیت، احتساب اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے جبکہ ملک کی معاشی اور سماجی صورتحال میں بہتری کے لیے بھی مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ بدعنوانی کے خلاف جاری مہم میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کرنے والوں پر بھی کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ احتساب کا عمل ہر سطح پر موثر انداز میں جاری رکھا جائے گا تاکہ شفاف طرز حکمرانی کو فروغ دیا جا سکے۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے متعلق سوال کے جواب میں وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین بنیادی طور پر عالمی منڈی کیرجحانات [illegible] صفحہ 2 پر)

گلہ افغان طالبان اپنی زمین پاکستان کیخلاف استعمال ہونے سے نہیں روک رہے، حافظ نعیم

ریاست پاکستان اور علما کے ذریعے بات چیت کی جائے، عالمی سطح پر بھی علما کی تنظیم موجود ہے وہ بھی اس میں اپنا کردار ادا کر سکتی ہے

پاکستان اور افغانستان کے درمیان معاملات کو نارمل کرنے کے لیے چین حتی کہ روس بھی اپنا کردار ادا کر رہا ہے، ترکیہ بھی اس میں کردار ادا کر سکتا ہے، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے افغانستان کی عبوری حکومت سے شکوے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ افغان طالبان سے بہت بڑا شکوہ ہے کہ آپ کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے اور آپ اسے روک نہیں پا رہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ریاست پاکستان اور علما کے ذریعے بات چیت کی جائے، بین الاقوامی سطح پر بھی علما کی تنظیم موجود ہے وہ بھی اس میں اپنا کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان معاملات کو نارمل کرنے کے لیے چین حتی کہ روس بھی اپنا کردار ادا کر رہا ہے، ترکیہ بھی اس میں کردار ادا کر سکتا ہے، ان سب کے ساتھ ملکر بات چیت کو ہی موقع ملنا چاہیے کیونکہ لڑائی کے نتیجے میں دونوں ممالک کی عوام ایک دوسرے سے دور ہوتی جا رہی ہے اور یہ بہت بڑا نقصان ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس میں اگر قبائل کے لوگوں کو بھرپور نمائندگی دی جائے تو ایک ایسا [illegible] جرگہ بن [illegible] صفحہ 3 پر)

چین ہر اچھے اور مشکل وقت میں پاکستان کا دوست رہا ہے، مصدق ملک

دونوں ممالک کے تعلقات باہمی اعتماد پر مبنی ہیں چین کی ترقی بے مثال ہے، وفاقی وزیر

شی زان (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی و ماحولیاتی ہم آہنگی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ قابل تجدید توانائی، بیٹری ٹیکنالوجی، موسمیاتی مزاحم انفراسٹرکچر، محفوظ پینے کے پانی اور دیگر ماحول دوست شعبوں میں نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر خطے میں گرین معیشت کو فروغ دیا جا سکتا ہے، پاکستان اور چین کے تعلقات باہمی اعتماد پر مبنی ہیں، گرین ہاؤس گیسوں کے بڑھتے اخراج اور عالمی درجہ حرارت میں اضافے کے باعث گلیشیئرز تیزی سے پگھل رہے ہیں جس کے نتیجے میں تباہ کن سیلاب اور بعد ازاں خشک سالی جیسے سنگین مسائل جنم لے رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو چین کے شی زانگ خودمختار خطے کے دورے کے دوران بانچوں چائنا شی زانگ مدرونی [illegible] فورم

جعفر آباد: صوبائی پارلیمانی سیکرٹری رکن صوبائی اسمبلی عبدالمجید بادینی کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

آزاد کشمیر میں انتخابات شیڈول کے مطابق ہوں گے، چیف الیکشن کمشنر

عوام ان پر توجہ نہ دیں، تمام انتظامات مکمل کر لئے، انتخابات شفاف، پرامن، آزادانہ اور غیر جانبدار انداز میں منعقد ہوں گے

انتخابات ملتوی ہونے سے متعلق افواہیں اور فیک نیوز بے بنیاد ہیں، عوام ان پر توجہ نہ دیں، ملازمین کی پولنگ کل مقررہ پروگرام کے مطابق ہوگی، جسٹس (ر) مصطفیٰ مغل

اسلام آباد (جی این ایم) چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر جسٹس (ر) مصطفیٰ مغل نے واضح کیا ہے کہ آزاد کشمیر میں عام انتخابات 2026 مقررہ شیڈول کے مطابق بروقت منعقد ہوں گے۔ عام انتخابات 2026 کے حوالے سے خصوصی پیغام میں چیف الیکشن کمشنر آزاد جموں و کشمیر نے کہا ہے کہ انتخابات ملتوی ہونے سے متعلق افواہیں اور فیک نیوز بے بنیاد ہیں، عوام ان پر توجہ نہ دیں، ملازمین کی پولنگ کل مقررہ پروگرام کے مطابق ہوگی، تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے۔ چیف الیکشن کمشنر کے مطابق مہاجرین جموں و کشمیر کے حلقوں سمیت تمام ریٹرننگ افسران کو پولنگ میٹریل پہنچا دیا گیا ہے، حلقہ LA-24 پونچھ و سدھنوتی 7-) بلوچ (میں امیدوار کے انتقال کے باعث پولنگ ری شیڈول کی جائے گی، حلقہ LA-24 کے علاوہ تمام انتخابی حلقوں میں پولنگ 27 جولائی کو شیڈول کے مطابق ہوگی۔ جسٹس (ر) مصطفیٰ مغل کا کہنا ہے کہ الیکشن کمیشن کی تمام انتظامی اور انتخابی تیاریاں مکمل ہیں، انتخابات کے دوران پاک فوج، رینجرز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے سکیورٹی پر مامور ہوں گے، کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے فوری رسپانس فورس تعینات رہے گی، عوام بلا خوف و خطر گھروں سے نکل کر اپنا حق رائے دہی استعمال کریں، تمام اسٹیک ہولڈرز [illegible] صفحہ 3 پر)

قیوم بلوچ کو بلوچستان میڈیا فورم کا صوبائی صدر منتخب ہونے پر مبارکباد

قیوم بلوچ کی قیادت میں صوبے بھر کے صحافیوں کے حقوق کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے موثر اقدامات ہوں گے، صحافتی برادری

سی (یو این اے) ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ سی کے صدر میر اللہ داد رند سینئر نائب صدر اللہ یار ڈومکی نائب صدر ثنا اللہ دہپال جنرل سیکرٹری خرم شہزاد ڈپٹی جنرل سیکرٹری ندیم بابر مغل آفس سیکرٹری عمران خان مرغزانی لیاقت علی ڈومکی رئیس علی ہانجی اشتیاق احمد چاچڑ محبوب علی ڈومکی و دیگر صحافیوں نے سینئر صحافی، معروف ناول نگار اور میڈیا شخصیت قیوم بلوچ کو بلوچستان میڈیا فورم کا صوبائی صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ ان کی قیادت میں صوبے بھر میں صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، فلاح و بہبود اور پیشہ ورانہ مسائل کے حل کے لیے مثر اقدامات کیے جائیں گے ورکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ سی کے رہنماں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ قیوم بلوچ [illegible] صفحہ 3 پر)

خلیج عدن سے اغوا ہونیوالا بحری جہاز صومالیہ کی علاقائی سمندری حدود میں منتقل

لندن (جی این ایم) یو کے میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز نے کہا ہے کہ گزشتہ روز یمن کے ساحل کے قریب خلیج عدن سے گزرنے والے جس بحری جہاز پر قبضہ کیا گیا تھا۔ یو کے میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز کے مطابق تازہ صورتحال کے پیش نظر اس واقعے کو باضابطہ طور پر جہاز کے اغوا کے طور پر درجہ بند کر دیا گیا ہے۔

مسئلہ کشمیر کا پرامن حل ہی خطے میں امن کی ضمانت ہے، مریم نواز

لاہور (جی این ایم) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا پرامن حل ہی خطے میں امن کی ضمانت ہے۔ کشمیر یومِ الحاقِ پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ 19 جولائی 1947 کو غیور کشمیریوں نے ریاست جموں و کشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق کی قرارداد منظور کی تھی

ٹرمپ کی دعوت پر لبنانی صدر اہلیہ کے ہمراہ واشنگٹن پہنچ گئے

واشنگٹن (جی این ایم) لبنان کے صدر جوزف عون اپنی اہلیہ کے ہمراہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دعوت پر سرکاری دورے کیلئے واشنگٹن پہنچ گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ کسی بھی لبنانی سربراہِ مملکت کا 2009 کے بعد واشنگٹن کا پہلا دورہ ہے، اس سے قبل لبنان کے سابق صدر میشل سلیمان نے اس وقت کے امریکی صدر اوباما سے ملاقات کیلئے واشنگٹن کا دورہ کیا تھا۔

ڈگریوں کی تصدیق نہ کرانے والے 1133 وکلا کے لائسنس معطل

لاہور (جی این ایم) پنجاب بار کونسل نے لاڈگریوں کی تصدیق کے معاملے پر اپنی تاریخ کی بڑی کارروائی کرتے ہوئے ہائر ایجوکیشن کمیشن سے ڈگریوں کی تصدیق نہ کرانے والے 1133 وکلا کے لائسنس معطل کر دیئے شاہ عبداللطیف بھٹائی یونیورسٹی سے متعلق مزید 62 وکلا کے لائسنس بھی معطل کر دیئے گئے ہیں

امریکہ، جرائم میں ملوث ہونے پر بھارتی ٹرک ڈرائیورز پر پابندی لگانے پر غور

غیر قانونی تارکینِ وطن ڈرائیورز کیخلاف تاریخی کارروائی کریں گے، صدر ٹرمپ کا اعلان

واشنگٹن (جی این ایم) بغیر لائسنس ڈرائیونگ اور منشیات اسمگلنگ میں ملوث ہونے پر امریکا نے بھارتی ٹرک ڈرائیورز پر پابندی لگانے پر غور شروع کر دیا۔ بھارتی اخبار انڈیا ٹوڈے کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ نے تارکینِ وطن ٹرک ڈرائیورز کی جگہ امریکی فوج کے سابق اہلکاروں کو تعینات کرنے کی تجویز پیش کر دی، اس تجویز کے نفاذ سے امریکا میں کام کرنے والے تقریباً ڈیڑھ لاکھ بھارتی ٹرک ڈرائیورز متاثر ہونگے۔ انڈیا ٹوڈے کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تارکینِ وطن ڈرائیورز سے متعلق نئی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی ہلاکت کا باعث بننے والے غیر قانونی [illegible]

کوئٹہ: سید عطاء اللہ شاہ بخاری تنظیم اصلاح الفقراء، جماعت حسینیت نقشبندیہ کے زیر اہتمام عظمت مصطفیٰ (ص) و شانِ اہل بیت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

روان سال اب تک خسرہ سے اموات کی تعداد 102 ہوگئی، سندھ سرفہرست

سندھ میں 53، کے پی میں 27، پنجاب میں 15 اور بلوچستان میں 7 اموات ہوئیں، رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) رواں سال ملک بھر میں اب تک خسرہ سے اموات کی تعداد 102 ہوگئی۔ وفاقی وزارت صحت کے ذرائع کے مطابق اب تک ملک بھر میں خسرہ کے باعث سب سے زیادہ اموات سندھ میں رپورٹ ہوئیں۔ سندھ میں اس مرض سے اب تک 53 اموات ہو چکی ہیں۔ اسی طرح خیبر پختونخوا میں 27، پنجاب میں 15 اور بلوچستان میں 7 اموات ہوئیں۔ ذرائع کے مطابق پنجاب میں رواں سال خسرہ کے 11 ہزار 192 مشتبہ کیسز سامنے آئے جن میں سے 2 ہزار 126 مثبت ثابت ہوئے۔ سندھ میں رواں سال خسرہ کے 7 ہزار 105 مشتبہ کیسز میں سے 2 ہزار 280 مثبت ہیں۔ خیبر پختونخوا میں خسرہ کے 8 ہزار 912 مشتبہ کیسز میں سے [illegible] صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کے دستخط بے معنی، امریکا کو ناقابلِ فراموش سبق سکھایا جائیگا، خامنہ ای

مفاہمتی یادداشت کی بار بار خلاف ورزی نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ امریکی صدر کے دستخط کی کوئی حیثیت یا اعتبار نہیں

بڑے شیطان نے ایک بار پھر اپنا حقیقی اور بے نقاب چہرہ دنیا کے سامنے ظاہر کر دیا ہے، ایرانی سپریم لیڈر

تہران (اے این این) ایرانی سرکاری ٹی وی پر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای سے منسوب ایک نیا تحریری پیغام پڑھ کر سنایا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ شیطان بزرگ امریکا کو ناقابلِ فراموش سبق دیا جائے گا۔ ایران کے رہبر اعلیٰ سے منسوب بیان میں کہا گیا ہے کہ مفاہمتی یادداشت کی بار بار خلاف ورزی نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ امریکی صدر کے دستخط کی کوئی حیثیت یا اعتبار نہیں۔ مجتبیٰ خامنہ ای کی جانب سے مزید کہا گیا کہ بڑے شیطان نے ایک بار پھر اپنا حقیقی اور بے نقاب چہرہ دنیا کے سامنے ظاہر کر دیا ہے، تاکہ جرم اور غداری کا یہ تلخ تجربہ امریکہ کی جھوٹی، غیر منطقی، ناقابلِ اعتماد اور مذموم فطرت کا ایک اور مضبوط ثبوت بن جائے۔ ان کی طرف سے یہ بھی کہا گیا کہ اب امریکی دشمن جنگ بھڑکانے اور خود کو مزید بھاری اخراجات اور بڑی رسوائی سے دوچار کرنے کی کوشش کر رہا ہے، اسے جان لینا چاہئے کہ ایران کی عزیز قوم اور محاذِ مزاحمت [illegible] ناقابلِ فراموش [illegible] صفحہ 3 پر)

بحرینی فوج کا ایرانی فضائی حملے ناکام بنانے کا دعویٰ

منامہ (جی این ایم) بحرین کی دفاعی فورس کی جنرل کمانڈ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے ایک بار پھر بحرین میں شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، تاہم بحرینی فضائی دفاعی نظام نے تمام حملوں کو ناکام بنا دیا۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق اتوار کے روز بحرین کی دفاعی افواج کے ایک [illegible] صفحہ 3 پر)

ایران نے امریکی میزائل دفاعی نظام کا توڑ نکال کر اہداف پر درستگی سے حملے کئے، روسی میڈیا

تہران (جی این ایم) ایران نے امریکی میزائل دفاعی نظام کا توڑ نکال کر اہداف پر تاک تاک کر نئے حملے کیے ہیں، روسی میڈیا کے مطابق ایران کے نئے میزائل انتہائی تیز رفتاری سے ہدف کی جانب بڑھتے ہیں اور ہدف کو نشانہ بنانے سے پہلے اپنی پوزیشنز کو مختلف انداز سے تبدیل کرتے ہیں،

کسی بھی جارحیت یا وحشیانہ اقدام کا فیصلہ کن اور تباہ کن جواب دیا جائے گا، ایران

تہران (جی این ایم) ایران کے خاتم الانبیا سینٹرل ہیڈکوارٹرز کے کمانڈر میجر جنرل علی عبداللہی نے امریکا کو خبردار کیا ہے کہ کسی بھی جارحیت یا وحشیانہ اقدام کا ایرانی مسلح افواج کی جانب سے فیصلہ کن اور تباہ کن جواب دیا جائے گا۔ ایرانی سرکاری میڈیا کی جانب سے نشر کیے گئے بیان میں میجر جنرل علی عبداللہی نے امریکا کو شیطانِ بزرگ اور مجرم، عہد شکن اور فریب کار دشمن قرار دیا۔

قومی اتحاد اور سپریم لیڈر کی رہنمائی ایران کا سب سے بڑا سرمایہ ہے، صدر پزشکیان

تہران (جی این ایم) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کا دانشمندانہ اور قومی اتحاد کو فروغ دینے والا پیغام قومی مفادات کے تحفظ اور ایران کی عزت و وقار کے لئے سب سے اہم سرمایہ ہے۔ صدر پزشکیان نے اپنے بیان میں کہا کہ موجودہ تاریخی مرحلے پر قومی اتحاد کے تقاضوں پر عمل کرنا اور اختلافات و تقسیم سے گریز کرنا ہی کامیابی کی کنجی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا

پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے زیر اہتمام 51 واں انٹرنیشنل نتھیا گلی سمر کالج اختتام پذیر

کامیاب شرکا میں انعامات تقسیم، ملکی و غیر ملکی ماہرین کو شیلڈز بھی پیش کی گئیں

راولپنڈی (اے این این) پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے زیر اہتمام 51 واں انٹرنیشنل نتھیا گلی سمر کالج اختتام پذیر ہوگیا۔ چیئرمین پی اے ای سی راجہ علی رضا انور نے کہا کہ انٹرنیشنل نتھیا گلی سمر کالج حکومت کے "اڑان پاکستان" وژن سے مکمل ہم آہنگ رہا۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے زیر اہتمام انٹرنیشنل نتھیا گلی سمر کالج میں بیس ممالک کے ممتاز سائنس دانوں نے شرکت کی جس کا بنیادی مقصد عالمی سطح پر سائنسدانوں، محققین اور طلبا کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنا، سائنسی تجربات کا تبادلہ کرنا اور جدید ترین تحقیق پر تبادلہ خیال کرنا ہے۔ سمر کالج کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پی اے ای سی ڈاکٹر راجہ علی رضا انور نے اس موقع پر کہا کہ [illegible] نتھیا گلی سمر کالج [illegible] صفحہ 3 پر)

ایرانی وزیر خارجہ کا عراقی ہم منصب سے رابطہ

امریکی خلاف ورزیوں پر تبادلہ خیال، خطے میں امن و استحکام کیلئے مشاورت جاری رکھنے پر زور

تہران (جی این ایم) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عراقی ہم منصب فواد حسین سے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے درمیان امریکا کی جانب سے مفاہمتی یادداشت کی مبینہ مسلسل خلاف ورزیوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و استحکام کیلئے مشاورت جاری رکھنے پر زور دیا۔ گفتگو کے دوران عباس عراقچی نے کہا کہ خطے میں امن و امان کے قیام کے لئے ایران اور عراق کے درمیان مسلسل رابطہ اور مشاورت ناگزیر ہے، چند افراد کے بیانات سے دونوں ممالک کے تعلقات متاثر نہیں ہونے چاہئیں۔ ایرانی وزیر خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ ایران باہمی احترام، (بقیہ اچھے ہمسایہ تعلقات [illegible] صفحہ 3 پر)

مقبوضہ کشمیر، ضلع راجوری میں بارشوں اور بادل پھٹنے سے سیلاب، سینکڑوں افراد نقل مکانی پر مجبور

بس اسٹینڈ پر کھڑی درجنوں گاڑیاں پانی میں بہہ گئیں یا مکمل طور پر ڈوب گئیں

سرینگر (جی این ایم) مقبوضہ کشمیر کے ضلع راجوری میں اتوار کی صبح آنیوالے سیلابی ریلوں کے باعث سینکڑوں مقامی لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل ہونا شروع ہو گئے۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق ہفتہ و اتوار کی درمیانی رات شروع ہونے والی طوفانی اور مسلسل بارشوں کے باعث خطہ پیر پنچال کے اس پہاڑی خطے میں دریا اور نالے بپھر گئے۔ محکمہ موسمیات نے خطے میں شدید بارشوں اور فلیش فلڈز کا الرٹ جاری کیا تھا، جس کے بعد اتوار کی صبح سویرے صورتحال انتہائی سنگین ہو گئی۔ مقامی حکام کے مطابق، راجوری شہر کے درمیان سے گزرنے والے دریا دربالی میں پانی کی سطح خطرے کے نشان سے اوپر چلی گئی ہے۔ سیلابی ریلے نے بیلا کالونی کے قریب [illegible] (فلڈ پروٹیکشن [illegible] کو توڑ

نیتن یاہو کو نیویارک آمد پر گرفتاری کا خدشہ، میئر نے قانونی مشاورت شروع کر دی

گرفتاری کی کوئی فکر نہیں، میئر نیویارک حماس کے حمایتی ہیں اس لیے یہ میرے مخالف ہیں، نیتن یاہو کا ردعمل

نیویارک/یروشلم (جی این ایم) اسرائیلی وزیر اعظم بن یامین نیتن یاہو کو نیویارک آمد پر گرفتاری کا خدشہ ہے، نیویارک کے میئر ظہران ممدانی نے قانونی مشاورت شروع کر دی۔ امریکی اخبار کو دیے گئے انٹرویو میں ظہران ممدانی نے کہا کہ نیتن یاہو جنگی مجرم ہے۔ اسے دی ہیگ میں ہونا چاہیے، دی ہیگ کی انٹرنیشنل کرمنل کورٹ نیتن یاہو پر جنگی مجرم ہونیکی فرد جرم عائد کر چکی ہے۔ خیال رہے کہ نیتن یاہو کو اقوام متحدہ کے جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کے لیے ستمبر میں نیویارک آنا ہے۔ میئر ممدانی کا کہنا تھا کہ وہ اپنے قانونی اختیار کا جائزہ لے رہے ہیں کہ کیا وہ نیویارک پولیس ڈیپارٹمنٹ کو ایک غیر ملکی سربراہ مملکت کی گرفتاری کا حکم دے سکتے ہیں یا نہیں؟ خیال رہے کہ بطور [illegible] ظہران ممدانی [illegible] صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر، لیاقت بلوچ صوبائی شوریٰ کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمٰن کا مؤقف عوامی امنگوں کا ترجمان ہے، جمعیت

جسے ملک کے باشعور عوام کی وسیع تائید حاصل ہو چکی ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ، مولانا محمد عارف شمشیر اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ منفی پروپیگنڈے بے بنیاد الزامات اور گمراہ کن بیانیے کے ذریعے قوم کی توجہ ملک کو درپیش حقیقی مسائل سے نہیں ہٹائی جا سکتی۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن نے جن [illegible] (بقیہ سیاسی [illegible] صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کا عملہ سڑک پر لگے لائٹوں کی مرمت میں مصروف ہیں

اہلِ بیتِ اطہارؓ کی محبت ہر مسلمان کے ایمان کا لازمی تقاضہ ہے، ڈاکٹر راغب نعیمی

نوجوان نسل کو اہلِ بیتؓ کی تعلیمات سے جوڑنا وقت کی اہم ضرورت ہے، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

لاہور (اے این این) بزم نعیمیہ کے زیر اہتمام جامعہ نعیمیہ میں طلبہ میں کوئز مقابلہ بعنوان سیرت اہل بیت اطہارؓ کا انعقاد کیا گیا، جس میں ادارے کے طلبہ نے بھرپور جوش و خروش سے شرکت کی۔ مقابلے میں شریک طلبہ سے سیرت، فضائل، اخلاق، علمی خدمات اور تعلیماتِ اہلِ بیت اطہارؓ سے متعلق سوالات پوچھے گئے جن کے طلبہ نے بہترین انداز میں جوابات دیئے۔ تقریب کی صدارت چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کی۔ جبکہ تقریب میں مولانا محبوب احمد چشتی، مولانا مفتی عمران حنفی، ڈاکٹر سلیمان قادری، مولانا غلام مرتضیٰ نقشبندی، مفتی محمد مدنی، مولانا مسعود احمد سیالوی، علامہ یاسین قادری، مفتی محمد [illegible] حسین، [illegible] صفحہ 3 پر)

پاکستان علاقائی تجارت کا مرکز بننے کی طرف گامزن، نئے راستے فعال

اکتوبر 2025 میں سیکیورٹی خدشات کے باعث طورخم اور چمن بارڈر کی بندش کے بعد پاکستان نے متبادل تجارتی راستے متعارف کرا دیئے ہیں

ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کیلئے افغانستان کو بائی پاس کرتے ہوئے نئے تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کر دیا، رپورٹ

باکو (جی این ایم) پاکستان وسطی ایشیائی ریاستوں کو گوادر اور کراچی بندرگاہ سے منسلک کر کے علاقائی تجارت کا مرکز بننے کیلئے فعال اقدامات کر رہا ہے۔ آذربائیجان کے میڈیا ادی کیسپین پوسٹ کے مطابق ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کیلئے افغانستان کو بائی پاس کرتے ہوئے نئے تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کر دیا ہے۔ دی کیسپین پوسٹ کے مطابق تاشقند نے پاک ایران سرحد پر واقع گبدریمندان بارڈر کیذریعے زرعی مشینری اور صنعتی خام مال کی ترسیل پہلے ہی شروع کر دی ہے۔ اپریل 2026 میں شروع کیے گئے نئے کوریڈورز نے وسطی ایشیا کو پاکستانی بندرگاہوں اور عالمی منڈی

باقاعدہ تصدیق شدہ ABC Certified بلوچستان کا کثیر الاشاعت اخبار

روزنامہ رژن تربت
Daily RUZN Turbat

چیف ایڈیٹر: شکیل احمد

روزنامہ رژن تربت پیلر شکیل احمد ہائی ٹیک پرنٹنگ پریس سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر بیورو آفس سریاب روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون نمبر 081-2833309

بلوچستان میڈیا فورم کا خالمنا میڈیا پالیسی منسوخ کرنے کا مطالبہ

پرنٹ ، الیکٹرانک ، سوشل میڈیا سے وابستہ کارکن صحافیوں ، نامہ نگاران اور وابستہ کارکنوں کی نمائندہ تنظیم "بلوچستان میڈیا فورم "نے بگٹی سرکار کی متنازعہ ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کو فوری طور پر منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔فورم کے جاری کردہ اعلامیہ میں ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کو معاشی قتل عام پالیسی قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے۔اس پالیسی سے مقامی اخبارات جو مدتوں سے بلوچستان اور عوام کی خدمت میں سرگرم عمل ہیں۔انھیں بند کرنے کی سازش کی گئی ہے۔اس عمل سے مقامی اخبارات سے وابستہ درجنوں صحافی ، دفتری ملازمین ، پرنٹنگ پریس کے درجنوں ملازمین ،ھاکرز مختلف علاقوں میں بطور نامہ نگاران صحافیانہ خدمات انجام دینے والے صحافی بیروزگار ھو رہے ہیں۔اور صوبے سے حقیقی صحافت کا باب بند ھونے والا ہے۔جس کی تمام تر زمہ داری بگٹی سرکار پر عائد ھوتی ہے۔اعلامیہ میں کہا گیا ہے۔کہ بگٹی سرکار کی دیگر ناکام ، غیر سنجیدہ ،اور غلط پالیسیوں اور فیصلوں کی طرح ڈیجیٹل میڈیا پالیسی بھی بلوچستان اور عوام دشمن فیصلہ ہے۔ جس سے بلوچستان کو کوئی فائدہ تو نہیں البتہ نقصان ضرور ہے۔اعلامیہ میں سیاسی جماعتوں ،ٹرانسپورٹرز ،تاجر برادری ،ٹریڈ یونینز ، وکلا برادری ، سماجی تنظیموں ، انسانی حقوق کے اداروں اور تنظیموں اور صوبے بھر کے عوام سے اپیل کی گئی ہے۔ کہ وہ اس ظلم کے خلاف مقامی اخبارات اور ان سے متعلق سینکڑوں کارکنان کیلئے آواز بلند کریں۔ جو ان پر فرض بھی ہے۔اعلامیہ میں وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اپیل کی گئی ہے۔ کہ وہ متنازعہ ڈیجیٹل میڈیا پالیسی منسوخ کرکے اپنی حکومت کی کارکردگی میں کوئی اچھا شامل کریں ۔ تاکہ تاریخ انھیں یاد رکھے۔ ورنہ اقتدار کے چند دن رہ گئے ہیں۔اس کے بعد میر سرفراز بگٹی ان سینکڑوں صحافیوں ، اخباری کارکنان ، اور مقامی اخبارات کے مالکان کا سامنا کیسے کرینگے۔جن کی بیروزگاری اور معاشی بدحالی کا سبب بن رہے ہیں۔ وگرنہ میر سرفراز بگٹی اس ظالمانہ پالیسی کا بلوچستان اور عوام کو کوئی فائدہ ثابت کریں۔ ہم لبیک کہنے والوں کی فہرست میں صف اول میں ھونگے۔ پرنٹ ، الیکٹرانک ، سوشل میڈیا سے وابستہ کارکن صحافیوں ، نامہ نگاران اور وابستہ کارکنوں کی نمائندہ تنظیم "بلوچستان میڈیا فورم "نے بگٹی سرکار کی متنازعہ ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کو فوری طور پر منسوخ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔فورم کے جاری کردہ اعلامیہ میں ڈیجیٹل میڈیا پالیسی کو معاشی قتل عام پالیسی قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے۔اس پالیسی سے مقامی اخبارات جو مدتوں سے بلوچستان اور عوام کی خدمت میں سرگرم عمل ہیں۔انھیں بند کرنے کی سازش کی گئی ہے۔اس عمل سے مقامی اخبارات سے وابستہ درجنوں سنیئر صحافی ، دفتری ملازمین ، پرنٹنگ پریس کے درجنوں ملازمین ،ھاکرز مختلف علاقوں میں بطور نامہ نگاران صحافیانہ خدمات انجام دینے والے صحافی بیروزگار ھو رہے ہیں۔اور صوبے سے حقیقی صحافت کا باب بند ھونے والا ہے۔جس کی تمام تر زمہ داری بگٹی سرکار پر عائد ھوتی ہے۔اعلامیہ میں کہا گیا ہے۔کہ بگٹی سرکار کی دیگر ناکام ، غیر سنجیدہ ،اور غلط پالیسیوں اور فیصلوں کی طرح ڈیجیٹل میڈیا پالیسی بھی بلوچستان اور عوام دشمن فیصلہ ہے۔

حکمت عملی

تحریر: سفینہ سلیم

جب اقتدار ذاتی مفادات ، سیاسی فائدوں اور وقتی مصلحتوں کے گرد گھومنے لگے تو ریاستی نظام کمزور پڑ جاتا ہے ۔ پاکستان بھی ایک ایسا ملک ہے جو بے شمار قدرتی وسائل ، باصلاحیت نوجوانوں اور بنفرائی اہمیت کے باوجود مسلسل مسائل کا شکار ہے اس کی بنیادی وجہ صرف وسائل کی کمی نہیں بلکہ ناقص حکمت عملی اور غیر مؤثر حکومتی پالیسیاں ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد عوام نے امید کی تھی کہ ملک میں انصاف ، خوشحالی اور مساوات کا نظام قائم ہوگا مگر حقیقت یہ ہے کہ آج بھی عام شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ صحت ، تعلیم ، روزگار اور انصاف کے لیے پریشان دکھائی دیتا ہے۔ مہنگائی میں اضافہ ، بے روزگاری ، تعلیمی زبوں حالی ، صحت کے ناقص انتظامات ، زرعی مشکلات ، توانائی کا بحران اور بدعنوانی جیسے مسائل اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومتی پالیسیاں عوامی ضرورتوں سے ہم آہنگ نہیں رہیں۔ وقتی حکومت معاشی استحکام کے نام پر لائے گئے اقدامات کو اپنی کامیابی قرار دیتی ہے جبکہ عوام اس کو براہ راست اپنی روزمرہ زندگی پر بوجھ کی صورت میں محسوس کرتے ہیں۔ ترقیاتی منصوبوں کی ترجیحات بھی اکثر عوامی ضرورت کے بجائے سیاسی مفادات سے طے کی جاتی ہیں جس کے باعث حقیقی مسائل جوں کے توں رہتے ہیں جبکہ عوام بدستور عوامی خدمت اور جوابدہی میں ہوتے ہیں لیکن بدقسمتی سے پاکستان میں اکثر سیاسی جماعتیں اقتدار میں آنے کے بعد عوامی اعتماد کو برقرار نہیں رکھ پاتیں احتساب کا نظام کمزور ہونے کی وجہ سے نااہلی اور کرپشن کو فروغ ملتا ہے اور اسے سیاسی مفاد حاصل شکار ہوتے ہیں جس سے ان کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے ۔ عوام بھی دیتے ہیں مگر بدلے میں انہیں معیاری تعلیم ، بہتر علاج ، روزگار اور تحفظ حاصل نہیں بنیادی سہولیات تک عمل رسائی حاصل نہیں ہوتی۔ اس غیر متوازن حکمت عملی کا نتیجہ ہے کہ نوجوان نسل میں مایوسی بڑھ رہی ہے۔ تعلیم مکمل کرنے کے باوجود روزگار کے مواقع محدود ہیں ہنر مند افراد بیرون ملک جانے کو ترجیح دے رہے ہیں اور ملک اپنی افرادی قوت سے مطلوبہ فائدہ حاصل نہیں کر پا رہا اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو مستقبل میں مسائل مزید شدید ہو سکتے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ حکمران وقتی مفادات کو ترجیح دینے کے بجائے قومی مفاد کو ترجیح دیں اور ایسی پالیسیاں اختیار کریں جو ملک کو حقیقی ترقی کی جانب لے جائیں۔ ریاستی نظام کو مضبوط بنانا بلاشک سیاسی طبع پر پابندی ہے۔ پاکستان کی مسلح افواج نے نہ صرف ملکی سرحدوں کا دفاع مضبوط بنایا بلکہ سیاسی طبع پر پابندی کی ساکھ کو بھی مستحکم کیا ہے۔ ان کی پیشہ ورانہ مہارت ، قومی مفادات کے تحفظ کے عزم اور خطے کے امن کے لیے کوششوں نے پاکستان کو ایک باوقار مقام دلایا ہے۔ اسی طرح دوراعظم پاکستان میں محمد شہباز شریف کی سیاسی بصیرت اور معاشی سرگرمیوں نے پاکستان کی آواز کو عالمی سطح پر مزید مؤثر بنایا۔ سوئٹزرلینڈ کے شہر جنیوا میں ایران اور امریکہ کے درمیان ہونے والا امن معاہدہ اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ اگر نیت میں خلوص اور قیادت میں بصیرت ہو تو پیچیدہ ترین مسائل بھی مذاکرات کی میز پر حل کیے جا سکتے ہیں۔ ایران اور امریکہ کے درمیان معاہدے کے بعد عالمی سطح پر جس اطمینان کا اظہار کیا گیا ہے، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ دنیا مذاکرات کو ہی پرامن حل کا بہترین راستہ سمجھتی ہے۔ گزشتہ چند برسوں میں یوکرین جنگ ، مشرق وسطی کے تنازعات اور عالمی معاشی بحرانوں نے دنیا کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ ایسے ماحول میں ایران اور امریکہ کے درمیان کشیدگی کا خاتمہ نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے لیے خوش آئند پیش رفت ہے۔ پاکستان کے لیے یہ فخر کا پہلو ہے کہ اس نے امن کی اس کوشش میں مثبت کردار ادا کیا۔ دوراعظم میاں شہباز شریف اور فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ وہ امن ، استحکام اور بین الاقوامی تعاون کا علمبردار ہے۔ بلاشبہ ایران ، امریکہ خاصتہ صرف ایک مفاہمتی معاہدہ نہیں بلکہ ایک بہتر مستقبل کی نوید ہے جس میں جنگ کے بجائے مکالمہ، استحکام کے بجائے تعاون اور نفرت کے بجائے امن کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ اس تاریخی کوشش پر پوری قوم میں پاکستان کی کوششیں ، وزیراعظم میاں شہباز شریف کی سفارتی بصیرت اور فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر کی قائدانہ صلاحیتیں نمایاں ہوئی ہیں۔ پاکستان کی موجودہ مساکل کسی ایک دن یا ایک حکومت کی پیدا ارنہیں بلکہ طویل عرصے سے جاری غلط حکمت عملیوں ، ناقص منصوبہ بندی اور غیر سنجیدہ طرز حکمرانی کا نتیجہ ہیں۔ وفاقی اور صوبائی حکومتوں نے اگر ہر ترقی کے ہے شاہ دعوے کیے تو لیکن عوامی سطح پر ان کے اثرات بہت محدود دکھائی دیتے ہیں۔ جب پالیسیاں زمینی حقائق کے بجائے سیاسی مفتضوں کے مطابق بنائی جائیں تو مسائل حل ہونے کے بجائے مزید پیچیدہ ہو جاتے ہیں۔ پاکستان میں ایک ایسا ملک ہے جو بے شمار قدرتی وسائل ، باصلاحیت نوجوانوں اور جغرافیائی اہمیت کے باوجود مسلسل مسائل کا شکار ہے اس کی بنیادی وجہ صرف وسائل کی کمی نہیں بلکہ ناقص حکمت عملی اور غیر مؤثر حکومتی پالیسیاں ہیں۔ قیام پاکستان کے بعد عوام نے امید کی تھی کہ ملک میں انصاف ، خوشحالی اور مساوات کا نظام قائم ہوگا مگر حقیقت یہ ہے کہ آج بھی عام شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ صحت ، تعلیم ، روزگار اور انصاف کے لیے پریشان دکھائی دیتا ہے۔ مہنگائی میں اضافہ ، بے روزگاری ، تعلیمی زبوں حالی ، صحت کے ناقص انتظامات ، زرعی مشکلات ، توانائی کا بحران اور بدعنوانی جیسے مسائل اس بات کا ثبوت ہیں

امن کی نوید اور پاکستان

تحریر: محمد علی یزدانی

